© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## آخری سورتوں کی تفسیر

مرتب:۔ مولانا سید محمد متین ہاشمی

ملنے کا پتا:۔ کتب خانہ شانِ اسلام، راحت مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

صفحات: ۲۳۲۔ کاغذ، کتابت، طباعت، سرورق عمدہ۔ قیمت ۱۲ روپے

مولانا سید محمد متین ہاشمی (ریسرچ ایڈوائزر، دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری، لاہور) پاکستان کے محقق علماء میں سے ہیں۔ اللہ نے ان کو بہت سی صلاحیتوں سے نوازا ہے اور خدمتِ علم ان کا اصل مشغلہ ہے۔ وہ متعدد مفید کتابوں کے مصنف ہیں، جن میں ایک کتاب "آخری سورتوں کی تفسیر" ہے، جو اس وقت پیشِ نگاہ ہے۔ اس میں سورۂ فاتحہ بھی شامل ہے۔ کتاب جن سورتوں کے ترجمے اور تفسیر پر مشتمل ہے وہ یہ ہیں:۔ سورہ فاتحہ، والضحیٰ، الم نشرح، والتین، اقرأ، القدر، البینہ، الزلزال، العادیات، القارعہ، التکاثر، العصر، الھمزہ، الفیل، القریش، الماعون، الکوثر، الکافرون، النصر، تبت، اخلاص، الفلق، الناس۔۔ یہ کل تیئیس (۲۳) سورتیں ہیں اور یہ وہ سورتیں ہیں، جنھیں عام طور پر ہر نمازی خواہ وہ امام ہو یا مقتدی ہر سری یا جہری نماز میں پڑھتا ہے۔ اس میں سورہ فاتحہ کو اس لیے شامل کیا گیا ہے کہ اس کا پڑھنا بھی ہر نمازی پر فرض ہے۔

ترتیب اس طرح ہے کہ لائق مصنف نے پہلے ہر سورہ کا مع اعراب کے متن درج کیا ہے اور سطور کے درمیان میں اس کا ترجمہ دیا ہے۔ پھر اس کا تعارف کرایا ہے، پھر شانِ نزول بتایا ہے، اس کے بعد اس کی تفسیر بیان کی ہے۔ پھر اس کے وہ روحانی خواص بیان کیے ہیں جو روایات میں درج ہیں یا بزرگانِ دین سے منقول ہیں اور مجرب ہیں۔ زبان نہایت سادہ اور عام فہم ہے تاکہ ہر شخص آسانی سے پڑھ اور سمجھ سکے۔ زیادہ علمی دقائق اور تحقیقی مباحث سے احتراز کیا گیا ہے، کیوں کہ اس سے کم پڑھے لکھے اور معمولی استعداد کے لوگ استفادہ نہیں کر سکتے۔ مصنف نے اس بات کا خاص طور سے خیال رکھا ہے کہ اس سے بچے بھی فائدہ اٹھا سکیں۔

ہمارے خیال میں اپنے انداز کی یہ ایک مفید کتاب ہے، جو سورتیں عام طور پر ہر نماز میں لوگ پڑھتے ہیں

© rasailojaraid.com